05/05/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

بڈگام پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت آج وسطی کشمیر کے بڈگام ضلع میں ایک بڑی پد یاترا کا انعقاد ہورہاہے۔ اطلاعات کے مطابق پد یاترا کولیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نیو بس اسٹیڈبڈگام سے جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

اپنے خطاب میں لیفٹنٹ گورنرنے جموں کشمیر سے منشیات کے خاتمے کیلئے انتظامیہ کے عزم کااعادہ کیا۔ انہوننے کہا کہ منشیات کے کاروبار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی سے گریزنہیں کیا جائے گاتاہم اس وباءکے شکار افراد کی باز آباد کاری کیلئے مناسب اقدامات کئے جانے کا سلسلہ بھی جاری رہے گا۔

IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ میں منشیات کے مضر اثرات کے موضوع پر دو روزہ ورکشاپ آج بھی جاری ہے۔

ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے کہاکہ سماج سے اس لعنت کے خاتمے کیلئے ادارہ جاتی کوششیں بھی اہمیت کی حامل ہے۔تاہم انہوں نے کہاکہ اس میں سماج کے ہرطبقے کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے ۔

ورکشاپ کے دوران منشیات کے کاروبار اور استعمال کے خاتمے کیلئے درکار اقدامات پر تبادلہ خیال ہو رہا ہے۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے سال 2017میں درج کئے گئے ایک معاملے کے سلسلے میں سرینگرمیں چھاپہ مار کارروائی انجام دی۔ اس کارروائی کے دوران محکمہ صحت میں سینئر اسسٹنٹ کے عہدے پر تعینات ٹینکی پورہ سرینگر کے رہنے والے شہنواز احمدمیر کو گرفتار کیا گیا۔ شہنواز احمد میر پرمحکمے میں ایک ہیلتھ ایجوکیٹر کو غیر قانونی طور نوکری دلانے کا الزام ہےبتایاجاتاہے کہ شہنواز احمد اس طرح کے کئی دیگر معاملات میں بھی ملوث ہے۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ میں سالانہ ماتا کھیر بھوانی میلہ 2026 کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ یہ میلہ 22 جون 2026 کو منعقد ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ 2025 میں اس میلے میں15ہزارسے زائد عقیدت مندوں نے شرکت کی تھی۔میٹنگ میں بتایا گیا کہ ماتا کھیر بھوانی مندر احاطہ اور سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر، تولہ مولہ کیمپس کو مرکزی قیام گاہوں کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر نے میلے کے احسن انعقاد کے لئے مختلف محکموں کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔میٹنگ میں دھر مرتھ ٹرسٹ، سماج سدھار کمیٹی اور کشمیری پنڈت برادری کے نمائندوں کی جانب سے اُبھارے گئے مسائل پر بھی غور کیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی گئی کہ انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کُولگام شہزاد عالم نے ضلع ویٹرنری ہسپتال کا دورہ کرکے ادارے کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے ویٹرنری خدمات ضروری ادویات و آلات کی دستیابی و عملے کی تعیناتی کا بھی جائزہ لیا۔

شہزاد عالم نے متعلقہ افسران کو بیمار مویشیوں کے بروقت علاج ، ادویات کی مناسب دستیابی اور ہسپتال کے بنیادی ڈھانچے کی مناسب دیکھ بھال کی ہدایت دی۔

مغربی بنگال کے اسمبلی انتخابات میں تاریخی جیت درج کرنے کے بعد ریاست مینبھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت بننے والی ہے ۔

نے 206نشستوں پر کامیابی حاصل کرکے انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کی ہے اور اس BJP طرح مغربی بنگال میں 15سال سے جاری ترنمول کانگریس کی قیادت والی حکومت تبدیل ہو رہی ہے ۔

پارٹی نے 108سیٹیں جیت لی ہیں اور یہ Tamilaga Vetri Kazhagam اس دوران تامل ناڈو میں پارٹی سب سے بڑی واحد جماعت بن کر سامنے آئی ہے۔

نے تیسری دفعہ جیت حاصل کی ہے۔ جبکہ کیرالم میں NDA کے قیادت والےBJPآسام میں نے جیت درج کرکے NDA نے جیت درج کی ہے پڈو چری میںUDF کانگریس کی قیادت والے اپنی پوزیشن بر قرار رکھی ہے ۔

ایران حملہ

پیٹرولیم انڈسٹریز زون پر کئے گئے ایران کے Fujairah بھارت نے متحدہ عرب امارات میں حملے کو نا قابل قبول قرار دیتے ہوئے اس کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔اس حملے میں تین بھارتی شہری زخمی ہو گئے ہیں۔

وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت مغربی ایشیاءمیں قیام امن کیلئے مذاکرات اور سفارتی کوششوں کی مسلسل سفارش کر رہا ہے ۔

اس دوران مشرقی وسطیٰ اور اس خطے کے ممالک نے متحدہ عرب امارات پر ایرانی حملے کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ صورتحال علاقائی سلامتی اور استحکام کیلئے بہت بڑا خطر ہ ہے۔

ایوارڈ

بھارت میں سائبر جرائم کے بارے میں بے مثال اور بے باک رپورٹنگ کیلئے دو بھارتی ایوارڈ سے نوازا جا رہا ہے۔Pulitzer صحافیوں آنند آر کے اور سُپرنا شرما کو

پرائزامریکہ میں صحافت کیلئے اعلیٰ درجے کا ایوارڈ ماناجاتا ہے ۔Pulitzer واضح رہے کہ

IPL

انڈین پریمر لیگ کے تحت آج دلی کیپٹلز کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام ساڑھے سات بجے دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم مینکھیلا جائے گا۔